Tarjihaat
Volume: VI
Issue: V
جون ۲۰۲۵
June . 2025
ISSN: 2583-0082
Online Research Journal

محمد اسلم عرفآن

راجوری، جموں وکشمیر

موبائل فون کے برے اثرات

برائی عام ہے جب سے موبائل فون آیا ہے
جو ناممکن تھا اس کو بھی ممکن بنایا ہے

خصوصاً دور حاضر میں بچوں کی تباہی ہے
برہنہ پن و بے ادبی کو سب نے آپنایا ہے

پڑھائی کی طرف بچے توجہ کم دیتے ہیں
موبائل میں ہے دلچسپی یہی دل میں سمایا ہے

جنم لیتے ہی بچے کو کھلونا فون ملتا ہے
یہ سب غلطی ہے ماؤں کی جنھوں نے ستم ڈھایا ہے

فقط بچے نہیں بلکہ بڑے بھی ہیں فنا اس میں
نمازیں ترک کردیں اور اس سے دل بہلایا ہے

کوئی ہے مگن پب جی میں کوئی ڈوبا ہے کرکٹ میں
کسی نے دربدر ہو کر کسی کو آپنایا ہے

فوائد ہیں بہت اس کے مگر نقصان ہیں زیادہ
فوائد لے سکے نہ ہم مگر نقصاں اٹھایا ہے

کئی لوگوں کو اس نے کردیا امیر منٹوں میں

Tarjihaat
Volume: VI
Issue: V
۲۰۲۵ جون
June . 2025
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
Online Research Journal

کئی شرفاء کے کھاتوں کا کیا اس نے صفایا ہے

بہت سے عاشقوں کا میل ہوا ہے معشوقوں سے
کرا کے فیس بک پہ رابطہ یکجاں بٹھایا ہے

کچھ مووی اور ڈراموں میں مصروف رکھے ہیں
جو سکھ کی نیند سوتے تھے انہیں راتوں جگایا ہے

جوانوں اور بزرگوں نے تباہی کر دی آنکھوں کی
ہزاروں چھوٹے بچوں کو دلدل میں پھنسایا ہے

میں اپنی بات کرتا ہوں مجھے بھی کچل ڈالا ہے
مجھے عرفاںؔ سے اس نے ابتر کر دکھایا ہے

***